
# مصنوعی ذہانت / ڈیجیٹل کا استعمال

پاکستانیوں کی صرف **15%** شرح نے اے آئی **(AI)** چیٹ بوٹس کا استعمال کیا ہے؛ تعلیم یافتہ افراد **52%** بمقابلہ **8%** اور نوجوانوں میں اس کے استعمال کی شرح زیادہ پائی گئی۔

کیا آپ نے کبھی کسی چیٹ بوٹس جیسے کہ چیٹ جی پی ٹی ، جیمینی ، ڈیپ سیک ، اور دیگر چیٹ بوٹس وغیرہ کا استعمال کیا




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## ٹیکنالوجی

مصنوعی ذہانت/ڈیجیٹل کا استعمال

## پاکستانیوں کی صرف 15% شرح نے اے آئی (AI) چیٹ بوٹس کا استعمال کیا ہے؛ تعلیم یافتہ افراد (52% بمقابلہ 8%) اور نوجوانوں میں اس کے استعمال کی شرح زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 21 اپریل 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی صرف 15% شرح نے AI چیٹ بوٹس جیسے کہ چیٹ جی پی ٹی (ChatGPT)، جیمینی (Gemini)، ڈیپ سیک (DeepSeek)، اور دیگر AI چیٹ بوٹس وغیرہ کا استعمال کیا ہے، جبکہ ایک بڑی 85% شرح نے کسی اے آئی (AI) چیٹ بوٹس استعمال نہ کرنے کی اطلاع دی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کیا آپ نے کبھی کسی AI چیٹ بوٹس جیسے کہ چیٹ جی پی ٹی (ChatGPT)، جیمینی (Gemini)، ڈیپ سیک (DeepSeek)، اور دیگر AI چیٹ بوٹس وغیرہ کا استعمال کیا؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 15% جوابدہندگان نے "ہاں" کہا، جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ اُنہوں نے اے آئی (AI) چیٹ بوٹس کا استعمال کیا ہے، جبکہ 85% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" اُنہوں نے کبھی اے آئی (AI) چیٹ بوٹس کا استعمال نہیں کیا۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان میں اے آئی (AI) چیٹ بوٹس کا استعمال ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے اور یہ ابھی صرف ایک چھوٹے حصے تک محدود ہے۔

**"کیا آپ نے کبھی کسی AI چیٹ بوٹس جیسے کہ چیٹ جی پی ٹی (ChatGPT)، جیمینی (Gemini)، ڈیپ سیک (DeepSeek)، اور دیگر AI چیٹ بوٹس وغیرہ کا استعمال کیا؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 787 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2% ± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** تعلیم کے اعتبار سے نتائج اے آئی (AI) کے استعمال میں واضح فرق ظاہر کرتے ہیں۔ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں، صرف 8% نے اے آئی چیٹ بوٹس استعمال کرنے کے حوالے سے بتایا، جبکہ 92% کی ایک بھاری اکثریت نے کبھی چیٹ بوٹس استعمال نہ کرنے کی اطلاع دی۔ اس کے برعکس، FA یا اس سے زائد تعلیم یافتہ افراد میں، 52% شرح کے مطابق اُنہوں نے اے آئی (AI) چیٹ بوٹس وغیرہ استعمال کیا ہے، جبکہ 48% نے کبھی چیٹ بوٹس استعمال نہ کرنے کے حوالے سے بتایا۔


یہ رجحان ظاہر کرتا ہے کہ اے آئی کا استعمال تعلیم کی سطح سے گہرا تعلق رکھتا ہے، اور اس کی وجہ ڈیجیٹل سمجھ، ٹیکنالوجی تک رسائی اور نئے ٹولز سے واقفیت میں فرق ہو سکتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** عمر کے اعتبار سے نتائج یہ ظاہر کرتے ہیں کہ اے آئی (AI) کا استعمال نوجوانوں میں زیادہ ہے۔ 30 سال سے کم عمر افراد کی 26% شرح نے اے آئی چیٹ بوٹس استعمال کرنے کا بتایا۔ عمر بڑھنے کے ساتھ اس کے استعمال میں کمی دیکھنے میں آئی، 30 سے 39 سال کی عمر کے افراد میں یہ شرح 10% پائی گئی، 40 سے 49 سال کی عمر کے افراد میں یہ شرح 8%، جبکہ 50–59 سال کی عمر کے افراد میں یہ شرح صرف 2% پائی گئی۔ 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے جوابدہندگان کی 7% شرح نے اے آئی (AI) ٹولز استعمال کرنے کا بتایا۔

یہ رجحان ظاہر کرتا ہے کہ نوجوان پاکستانی نئی ٹیکنالوجیز جیسے اے آئی چیٹ بوٹس کو زیادہ اپناتے ہیں، جبکہ بڑی عمر کے افراد میں اس کا استعمال بہت کم ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 21st April 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)